ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(262)

مورخہ 11.05.24

**بہاول پور(        )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیرکمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 15 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ، سول لائینز، سٹی احمد پور شرقیہ، ڈیرہ نواب صاحب، عباس نگر ، عنائتی اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 08ملزمان ناصر، طارق، سانول، ریاض، اصغر، کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 413 لیٹر شراب اور 01عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے تھانہ سول لائینز، صدر بہاولپور، چنی گوٹھ، اوچشریف اور تھانہ سٹی یزمان پولیس نے 05ملزمان جہانگیر، شان بھٹی، زین عرف وقاص، زبیر اور رضوان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 03 کلو 810 گرام چرس، 10 گرام کرسٹل آئس اور 40 کلو بھنگ برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ چنی گوٹھ اور تھانہ عنائتی پولیس نے 02ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ 02عدد پسٹل 30بور برآمد کرلئے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہاہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیرکمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات واسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (263)

11.05.24

**بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 33 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 33 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کیئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (264)

مورخہ 11.05.24

**بہاولپور (      ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی پولیس لائنیز کے کانفرنس ہال میں ضلع بھر کے ایس ڈی ایس پی اوز، تفتیشی افسران ،پیروی آفیسرز، تعمیلی سٹاف، محرران اور جملہ نائب کورٹس کے ساتھ میٹنگ ۔مثل مقدمہ اور دیگر ریکارڈ کی ہر صورت تکمیل کو یقینی بنایا جائے، ہر تھانے کی پراگرس اور ریکارڈ کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کیا جارہا ہے۔غفلت اور لاپرواہی برتنے والے پولیس افسران کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی معیاری تفتیش سے متعلق احکامات کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان نے ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز، تفتیشی افسران، پیروی آفیسرز، تعمیلی سٹاف، محرران اور جملہ نائب کورٹس سے میٹنگ کرتے ہوئے کہا کہ ایس ڈی پی اوز اپنے اپنے سرکل کے کرائم کنٹرول کے ذمہ دار ہیں۔ڈکیتی، چوری، اور دیگر کرائم میں بہترین گشت اور حکمت عملی کو یقینی بناتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کو گرفتار کریں۔جبکہ تفتیشی افسران بروقت چالان مرتب کریں اور مثل مقدمہ کی تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔جس تفتیشی آفیسر کا روڈ سرٹیفکیٹ پینڈنگ ہوا اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ جملہ نائب کورٹ عدالتی معاملات میں تفتیشی افسران کی معاونت کو ہر صورت یقینی بنائیں۔پیروی آفیسر و تھانے کے تعمیلی سٹاف سے بات کرتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور نے کہا کہ آپ کا ملزمان کو سزا دلوانے میں نہایت اہم رول ہے اور آپ کو اپنی تمام تر ذمہ داریوں کا ادراک ہونا چاہیئے۔پولیس سنگین اور دیگر مقدمات درج ہونے کے بعد روایتی اور جدید طریقہ کار کو استعمال کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرتی ہے، تفتیشی آفیسر مثل مقدمہ اپنی بہترین صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو سزا دلوانے میں اپنی تمام تر وسائل اور توانائیاں صرف کرتے ہیں، پھر مرحلہ آتا ہے ان ملزمان کے خلاف پیروی مقدمات اور عدالتوں سے ان کی سزایابی کا اور یہ تب ہی ممکن ہے جب آپ بروقت عدالتوں کو ریکارڈ مہیا کریں گے۔تعمیلی سٹاف ہر طرح کی تعمیل اصالتاً کروائیں وکالتاً تعمیل کروانے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اچھا پولیس آفیسر بننے کیلئے چاہیے کہ ہم اپنا ہر کام وقت مقررہ میں پورا کریں۔محرران سے میٹنگ کرتے ہوئے ڈی پی او بہاول پور نے تھانہ کے ریکارڈ کی مینوئل اور آن لائن تکمیل کے احکامات جاری کیئے۔انہوں نے کہا کہ تھانے میں آنے والے سائلین سے خوش اخلاقی سے پیش آیا جائے اور ان کے مسائل کی بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنائیں۔ میں ہر تھانے کی پراگریس اور ریکارڈ کو خود چیک کروں گا غفلت اور لاپرواہی برتنے والے متعلقہ افسران کو سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان پولیس لائنیز کے کانفرنس ہال میں ضلع بھر کے ایس ڈی ایس پی اوز، تفتیشی افسران، پیروی آفیسرز، تعمیلی سٹاف محرران اور جملہ نائب کورٹس کے ساتھ میٹنگ کر رہے ہیں